سنن ترمذی

https://ur.wikipedia.org/s/lv6

صحیح ترمذی (عربی : جامع الترمذی یا سُنَن الترمذي) یا عام طور سے**سنن ترمذی** یا **جامع ترمذی** بھی کہا جاتا ہے ابوعیسی محمد بن سورہ بن شداد کی مرتب کردہ شہرہ آفاق مجموعہء احادیث ہے جو صحاح ستہ کی مشہور کتابوں میں سے ایک ہے۔[1]

حافظ ذہبی تذکرۃ الحفاظ میں ابو علی منصور بن عبد اللہ خالدی کے حوالے سے نقل کرتے ہیں کہ امام ابوعیسیٰ ترمذی کا قول ہے:

> میں نے اس کتاب کو تصنیف کرنے کے بعد علمائے حجاز پر پیش کیا تو وہ اس پربہت خوش ہوئے۔ پھر میں نے اسے علمائے عراق پر پیش کیا تو اُنھوں نے بھی اسے پسند فرمایا۔اس کے بعدمیں نے اس کتاب کو علماءئےخراسان پر پیش کیا تو انھوں نے بھی اس کوپسند کیا۔جس شخص کے گھر میں یہ کتاب ہے گویا کہ اس گھر میں پیغمبراسلام گفتگو فرما رہے ہیں۔

حافظ ابن اثیر[2] جامع ترمذی کے بارے میں لکھتے ہیں:


> امام ترمذی کی کتاب بہت سے علمی فوائد کی حامل، عمدہ ترتیب سے مزین اور بہت کم تکرار والی حدیث کی ایک بہترین کتاب ہے جس میں علما کے اقوال، طریقہ ہائے استدلال اور حدیث پر صحیح، ضعیف اور غریب ہونے کا حکم لگانے کے علاوہ جرح و تعدیل کا بیان اس قدر کثرت سے پایا جاتا ہے جو حدیث کی کسی اور کتاب میں نہیں ملتا۔

ابو جعفر بن زبیر صحاح ستہ[3] پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> امام ترمذی کو علم حدیث کے مختلف فنون کو جمع کرنے کے لحاظ سے جو امتیاز حاصل ہے اس میں کوئی دوسرا ان کا شریک نہیں۔

سنن ترمذی

(عربی میں: سنن الترمذي)



مصنف	ابو عیسیٰ محمد ترمذی
اصل زبان	عربی
ادبی صنف	حدیث

https://ur.wikipedia.org/w/index.php?title=%D8%) درستی
B3%D9%86%D9%86_%D8%AA%D8%B1%D9%85%D8%B
https://ur.wiki) ترمیم - (0%DB%8C&action=edit&section=0
pedia.org/w/index.php?title=%D8%B3%D9%86%D9%86
_%D8%AA%D8%B1%D9%85%D8%B0%DB%8C&veaction=
(edit

جامع ترمذی کا مقام

کشف الظنون کے مطابق امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذیؒ کی کتاب جامع صحیح، صحاح ستہ میں تیسرے نمبر پ رہے یعنی اس کا رتبہ صحیحین (بخاری و مسلم) کے بعد ہے۔[4]

شروح

جامع ترمذی کی بہت سے تشریحات و تراجم کیے گئے ہیں جن میں سے کچھ درج ذیل ہیں:

- عارضۃالاحوذی بشرح سنن الترمذی مصنف ابن العربی۔
- شرح جامع الترمذی مصنف ابن رجب۔
- تحفۃ الاحوذی بشرح جامع الترمذی علامہ عبدالرحمن مبارکپوری۔
- درس ترمذی محمد تقی عثمانی۔
- فیوض النبی از مفتی محمد ارشد القادری۔
- شرح جامع ترمذی از مفتی محمد عبداللہ ضیائی دار العلوم نعیمیہ، کراچی

مزید دیکھیے

- حدیث
- فہرست مصنفین و مؤلفین حدیث
- امام الترمذی
- ترمذ

حوالہ جات

1. "جامع ترمذی ایک تعارف"۔ محدث فورم۔ اخذ شدہ بتاریخ 16-05-2021
2. حافظ ابن اثیر۔ جامع الاصول
3. ابوجعفر بن زبیر۔ برنامج
4. ملا کاتب چلبی۔ کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون (بزبان عربی)

بیرونی روابط

- جامع ترمذی کا انگریزی ترجمہ (http://ahadith.co.uk)